● الحاج بشیر احمد زرگر کا تذکرہ............ ڈاکٹر عبدالشکور عظیم

الحاج بشیر احمد جمعیۃ علماء اسلام کے بزرگ رہنما اورانتہائی دیندار شخصیت ہیں، زیرنظر کتاب انکے دینی، سیاسی،سماجی خدمات اور سوانح حیات کا مجموعہ ہے جوکہ چھ ابواب پر مشتمل ہے جسکی تفصیل بالترتیب یہ ہے۔ آباؤ واجداد کا سوانحی خاکہ، خودنوشت سوانح حیات، ملفوظات ومجالس، اساتذہ مشائخ،خطوط مشاہیر، تاثرات مشاہیر،مولانا سمیع الحق،مولانا انوارالحق،مولانا شیرعلی شاہ،مولانا عبدالقیوم حقانی صاحبان سمیت دیگرا کابرین کی تقریظات سے مزین کتاب تمام جماعتی کارکنوں اورتحریکی زندگی سے وابستہ حضرات کیلئے مطالعہ کی چیز ہے۔کتاب کی ترتیب وتدوین پران کے بھتیجے محترم ڈاکٹر عبدالشکور عظیم لائق صدتحسین وتبریک ہیں۔ ۳۹۱ صفحات پر مشتمل یہ ضخیم کتاب مسجد الفرقان ،کینٹ بازار، ملیرکینٹ کراچی سے دستیاب ہے (066-2252912) (مبصر:اسرارابن مدنی)

● تفسیر بیضاوی ترجمہ وتشریح......مؤلف مولانا عمران عیسیٰ صاحب

انوار التنزیل واسرارالتاویل (تفسیربیضاوی) علامہ بیضاویؒ کے شہرآفاق تصنیف ہے یہ کتاب ہرزمانے میں حلقہ علماء وطلباء میں مقبول،متداول اور داخل نصاب رہی ہے یہ کتاب متعددعلوم کو جامع ہے اور ہرعلم وفن کے رموز کا ایک گنجینہ ہے اس کا ابتدائی حصہ نہایت ہی مغلق اورمشکل ہے لیکن اہل علم وارباب مدارس نے طلبہ کے استعداد وصلاحیت بڑھانے کیلئے اسے نصاب کا حصہ بنایا اس کے رموز ودقائق کوحل کے کرنے کیلئے ہردور کے محققین نے مختلف زبانوں میں اس پر متعددتعلیقات اور حواشی ثبت کئے ہیں اور اسکے متعدد شروحات لکھی گئیں جس میں بعض کئی کئی جلدوں کومحیط ہے علامہ موسیٰ خان روحانی بازیؒ نے اسکے۸۲ شروحات وحواشی شمار کی ہیں زیرتبصرہ کتاب اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ جسے جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کے فائق مدرس مولانا عمران عیسیٰ صاحب نے مرتب کیا ہے موصوف عرصہ دراز سے جامعہ بنوری ٹاؤن میں تفسیر بیضاوی پڑھارہے ہیں مولانا موصوف نے زیرنظر کتاب میں طویل مباحث کونہایت ہی مختصر اورسہل انداز میں پیش کرکے مغلق اورمبہم مقامات کی وضاحت کی ہے اور ہرایک موضوع کے متعلق مباحث کیلئے منفرد اور جداگانہ اسلوب اختیارکیا ہے ترجمہ کی درستگی کا بہت خیال رکھا گیا ہے اورعبارات پر وارد